(۱۰) میرے والد رحمہ اللہ نے فرمایا کہ بیان کیا مجھ سے سعد بن عبداللہ نے روایت کرتے ہوئے یعقوب بن یزید سے انہوں نے حماد بن عیسیٰ سے انہوں نے حریز بن عبداللہ سے انہوں نے زرارہ اور محمد بن مسلم اور برید عجلی سے ان سب نے بیان کیا کہ ایک مرتبہ ایک شخص نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ میرا ایک فرزند ہے جو آپ سے صرف حلال و حرام دریافت کرنا چاہتا ہے وہ آپ علیہ السلام سے بے معنی و بے مقصد باتیں نہیں پوچھے گا۔ آپ علیہ السلام نے فرمایا کیا حلال و حرام سے بھی افضل و بہتر کوئی شے ہے جس کے متعلق لوگ سوال کریں۔

(۱۱) بیان کیا مجھ سے احمد بن محمد نے روایت کرتے ہوئے اپنے والد سے انہوں نے احمد بن محمد بن عیسیٰ سے انہوں نے یونس بن عبدالرحمن سے انہوں نے اس شخص سے جس نے ان سے ذکر کیا اور اس نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ جب قیامت کا دن ہوگا تو اللہ تعالیٰ عالم و عابد دونوں کو قبروں سے اٹھائے گا۔ اور جب یہ دونوں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کھڑے ہوں گے تو عابد سے کہا جائے گا کہ تم جنت کی طرف جاؤ اور عالم سے کہا جائے گا ٹھہرو تم نے جن لوگوں کی بہترین تادیب کی ہے (تربیت کی ہے، تعلیم دی ہے، نیکی کا راستہ دکھایا ہے) ان کی شفاعت کرو۔

(۱۲) بیان کیا مجھ سے محمد بن حسن نے انہوں نے کہا کہ بیان کیا مجھ سے محمد بن حسن صفار نے روایت کرتے ہوئے علی بن محمد قاسانی سے انہوں نے قاسم بن محمد اصفہانی سے انہوں نے سلیمان بن داؤد منقری سے انہوں نے حفص بن غیاث سے انہوں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے آپ علیہ السلام نے فرمایا کہ جب تم کسی عالم کو دیکھو کہ اس کو دنیا سے محبت ہے تو اس سے اپنے دین کو بچاؤ۔ اس لئے کہ ہر محبت کرنے والا اسی کے گرد چکر لگائے گا جس سے اس کو محبت ہے۔ نیز فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کی طرف سے وحی کی تم میرے اور اپنے درمیان ایسے عالم کو نہ رکھو جو دنیا پر عاشق و مفتون ہے۔ ورنہ وہ تم کو میری محبت کی راہ سے روک دے گا۔ اس لئے کہ یہ میرے ارادت مند بندوں کو راستے میں لوٹ لیتے ہیں۔ اور میرا ادنیٰ سلوک ان سے یہ ہوگا کہ میں ان کے دلوں سے مناجات کی لذت و حلاوت کو نکال لوں گا۔

(۱۳) میرے والد رحمہ اللہ نے فرمایا کہ بیان کیا مجھ سے سعد بن عبداللہ نے روایت کرتے ہوئے احمد بن ابی عبداللہ سے انہوں نے محمد بن اسماعیل بن بزیع سے انہوں نے جعفر بن بشیر سے انہوں نے ابی حصین سے انہوں نے ابی بصیر سے انہوں نے امامین (امام محمد باقر و امام جعفر صادق) علیہما السلام میں سے کسی ایک سے انہوں نے فرمایا کہ تم لوگ کسی مرجئی، قدری اور خارجی کی اس حدیث کی تکذیب نہ کرو جو وہ ہم لوگوں کی طرف سے منسوب کرکے تم سے بیان کرے۔ اس لئے کہ تمہیں کیا پتہ شاید اس میں کچھ حق ہو۔ اور تم اللہ تعالیٰ کی تکذیب کر بیٹھو۔

(۱۴) میرے والد رحمہ اللہ نے فرمایا کہ بیان کیا مجھ سے سعد بن عبداللہ نے روایت کرتے ہوئے محمد بن ولید اور سندی ابن محمد سے انہوں نے ابان بن عثمان احمر سے انہوں نے محمد بن بشیر اور حریز سے انہوں نے حضرت امام جعفر صادق